Bayerisches Staatsministerium für
Gesundheit und Pflege

آپکی صحت کی جانچ پڑتال کرنے کے بارے میں اطلاع

سب پناہگزینوں کی طبی جانچ پڑتال کی جاتی ھے کہ کہیں وہ کسی متعدی بیماری میں مبتلا نہ ھوں اورضرورت کے وقت انکا علاج کیا جائے۔ یہ طبی جانچ پڑتال ایک قانونی فرض (اسایلم کے قانون کی دفعہ 62) اورمفت ھے۔ اگر کوئی پناھگزین طبی جانچ پڑتال کروانے کی مخالفت کرے تو اسایلم کے قانون کی دفعہ 62 کے مطابق اسکو رھائش کی جگہ دینے والے مختار ضرورت کے وقت اسکی زبردستی طبی جانچ پڑتال کرواسکتے ھیں۔

طبی جانچ پڑتال کے سلسلے میں آپکی صحت کی مربوطہ طبی جانچ پڑتال کے نتائج (پھیپھڑوں، خون اور اگر ضرورت ھوتو پاخانہ کے) کو حاصل کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ یہ نتائج اس لیئے ضروری ھیں کہ متعدی بیماریوں کی جلد ھی شناخت کی جائے اور اگر ضروری ھوتو انکا علاج کیا جاسکے تاکہ وہ بیماریاں دوسروں کو نا لگیں۔

یہ نتائج رھائش کی جگہ دینے والے مختاروں کو بھیجے جائیں گے۔ اگر کوئی متعدی بیماری آپکے جسم میں شناخت کی گئی تو آپکو اسکی اطلاع دی جائے گی اور اگر ضروری ھو تو اسکا علاج کیا جایئے گا۔ اسکے علاوہ آپکی رھائش کے علاقے کے ذمہ دار صحت کے دفتر (اسایلم کے قانون کی دفعہ 62 اور متعدی بیماریوں سے بچاو کے قانون کی دفاعیں 25 اور 28) کو اطلاع دی جائیں گی۔ آپ کرسکتے ھیں یہ نتائج دیکھیں اور انکی ایک کاپی طلب کریں۔

پھیپھڑوں کی جانچ پڑتال (ایکسرے)

(15 سال کی عمر پوری ھونےکے وقت سے پھیپھڑوں میں متعدی بیماری کی شناخت کرنا)
دق (ٹی بی) پھیپھڑوں کی ایک متعدی بیماری ھے، اگر اسکا علاج نہیں کیا جاتا تو یہ پھیپھڑوں کو تباہ کرتی ھے اور جس کے انجام میں موت ھو سکتی ھے۔ یہ بیماری بنا شکایتی علایم کے شروع ھوتی ھے اور بعد میں کھانسی ھونا، وزن گھٹنا یا پسینا آنا شروع ھوتا ھے۔ ٹی بی کو ایکسرے سے شناخت کیا جا سکتا اور دوا سے اسکا علاج کیا جا سکتا ھے۔ نا شناخت کی گئی ٹی بی جسم کے اندر کے دوسرے اعضاء پر پھیل جاتی ھے اور انکو ھمیشہ کے لیئے تباہ کرتی ھے۔ اس لیئے یہ ضروری ھے کہ اسے شروع میں ھی ایکسرے سے شناخت کیا جائے۔
بچوں یا حاملہ عورتوں کی پھیپھڑوں کی ایکسرے کی بجائے خون کی جانچ پڑتال(IGRA-Test) کی جاۓ گی۔

خون کی جانچ پڑتال

(متعدی بیماری کا خون اور جگر میں شناخت کرنا)
ہیپاٹیٹس بی (Hepatitis B): ایک متعدی جراثیمی بیماری ھے جوکہ خون کے ذریعہ یا جنسی ھم آغوشی سے دوسروں کو لگ سکتی ھے۔ اس سے جگر سوج جاتا ھے۔
HIV I اورII : ایک متعدی جراثیمی بیماری ھے جوکہ خون کے ذریعہ یا جنسی ھم آغوشی سے دوسروں کو لگ سکتی ھے۔ جس کے نتیجے میں AIDS (acquired immunodeficiency syndrome) ھو سکتا ھے اور اگر اسکا علاج نہیں کیا گیا تومومت ھو سکتی ھے۔

ضرورت کے وقت پاخانہ کی جانچ پڑتال

(متعدی بیماری کا آنتوں میں شناخت کرنا)، بطور مثال اسہال ھونےکی حالت میں یا کسی بیمار شخص سے میل میلاپ رکھنے کے نتیجے میں۔
TPE-Ruhr-Gruppe : ان جراثیم کی شناخت جوکہ اسہال کی باعث ھو سکتے ھیں۔
آنتوں میں رھنے والے طفیلی (بطور مثال کیڑے)۔

ویکسین کا ٹیکا لگانا

ویکسین کا ٹیکا لگانا حفاظت صحت کا طب میں ایک بہت موثرقدم ھے۔ جس کے ذریعہ متعدی جراثیمی بیماری لگنے سے بچایا سکتا ھے۔
اپنے آپکو اور اپنے گھروالوں کو متعدی جراثیمی بیماری – بطور مثال کھسرا – سے بچانےکے لیئے مہربانی کرکے اپنی رھائش گاہ کی میڈیکل سروس یا کسی ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ آپکو ویکسین کا ٹیکا مفت میںلگایا جائیے گا۔

Bayerisches Staatsministerium für
Gesundheit und Pflege

آپکی صحت کی جانچ پڑتال کرنے کے بارے میں اطلاع

پھیپھڑوں کی جانچ پڑتال (ایکسرے)
پھیپھڑوں کوایکسرے کرنا
15 سال کی عمر پوری ہونے کے وقت سے
(بچوں یا حاملہ عورتوں کے خون کی جانچ پڑتال)

خون کی جانچ پڑتال
15 سال کی عمر پوری ہونے کے وقت سے: Hepatitis B، HIV I اور II
بچوں یا حاملہ عورتوں کا: ٹی بی کا ٹیسٹ

ضرورت کے وقت پاخانہ کی جانچ پڑتال
ضرورت کےوقت آنتوں کے جراثیموں اور
آنتوں کے کیڑوں کی وجہ سے، بطور مثال اسہال کے وقت۔

ویکسین کا ٹیکا لگانا
سب پناھگزین کو ویکسین کا ٹیکا
مفت میں لگایا جاتا ھے

طبع

ناشر: Bayerisches Staatsministerium für Gesundheit und Pflege
Haidenauplatz 1, 81667 München
www.stmgp.bayern.de
تاریخ تنظیم: نومبر 2015
مقالے کا نمبر: stmgp_asyl_007

ڈیزائین: CMS – Cross Media Solutions GmbH, Würzburg
منبع فوٹو: fotolia.com: Alexandra Gl; annzakharchenko
چھاپ: Druckerei Schmerbeck GmbH, Tiefenbach